راشٹریہ سہارا

6 AUG 2019

# آن لائن تعلیم پر اُردو یونیورسٹی میں نئے طلبہ کیلئے شعور بیداری پروگرام



حیدرآباد، (پریس ریلیز) مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی میں تعلیمی سال کے آغاز پر نئے طلبہ کے تعارفی پروگرام کا ڈین اسٹوڈنٹس ویلفیئر کی جانب سے اہتمام کیا جارہا ہے۔ اس سلسلے میں آج ڈی ڈی ای آڈیٹوریم میں پروفیسر نسیم فاطمہ، جوائنٹ ڈین، صدر شعبۂ کامرس و بزنس مینجمنٹ نے آن لائن کورسز MOOC's کے متعلق معلومات فراہم کیں۔ جناب رضوان احمد، ڈائرکٹر انسٹرکشنل میڈیا سنٹر نے آن لائن دستیاب تعلیمی مواد پر تفصیلی گفتگو کی۔ انہوں نے بتایا کہ آج تعلیم محض کلاس روم تک محدود نہیں ہے بلکہ اسے لیپ ٹاپ اور موبائل کے ذریعہ کہیں سے بھی حاصل کیا جاسکتا ہے۔ انہوں نے قومی اور بین الاقوامی سطح پر دستیاب تعلیمی ویب سائٹس بشمول تعلیمی ویڈیوز کی جانکاری دی۔ انہوں نے طلبہ کو بطور خاص Swayam اور Swayam Prabha جیسے پلیٹ فارمس سے استفادے کا مشورہ دیا۔ انہوں نے کہا کہ طلبہ سوشل میڈیا پلیٹ فارمس، فیس بک، ٹویٹر، واٹس ایپ پر تعلیمی مواد کا تبادلہ کرکے اسے ایجوکیشنل میڈیا میں تبدیل کریں۔ آج کے میزبان ڈاکٹر محمد اکبر، اسسٹنٹ پروفیسر سی پی ڈی یو ایم ٹی تھے۔ طلبہ نے ڈاکٹر رفیع محمد، اسسٹنٹ پروفیسر شعبۂ تعلیم و تربیت کے ہمراہ انسٹرکشنل میڈیا سنٹر کا دورہ کیا۔ اس سے قبل 2/اگست کو پروفیسر صدیقی محمد محمود کوآرڈینیٹر تعارفی پروگرام نے طلبہ تعارفی پروگرام کے متعلق تفصیلات فراہم کیں۔ ان کا موضوع ''انسانی اقدار و اخلاقیات'' تھا۔ انہوں نے بتایا کہ ہر انسان صالح فطرت پر پیدا ہوتا ہے۔ وہ خود کے لیے اور دوسروں کے لیے کچھ اچھا کرنا چاہتا ہے۔ جہاں وہ یہ سوچتا ہے کہ اسے آج بھی اور ہمیشہ بھی خوش ملے وہیں وہ یہی بات دوسروں کے لیے بھی سوچتا ہے۔ لیکن بعض صلاحیتوں کی کمی کی وجہ سے اس پر صحیح طور پر عمل آوری نہیں کرپاتا۔ اس لیے طلبہ کو اگر دوستوں، رشتہ داروں، اساتذہ سے ویسی خوشی نہیں مل پارہی ہے جیسا کہ وہ امید کرتے ہیں تو اس سے مایوس نہ ہوں اور اپنی ذمہ داری نبھاتے رہیں۔ پروفیسر کاظم نقوی، ڈائرکٹر مرکز برائے انفارمیشن ٹکنالوجی نے طلبہ کو تعلیم کے دوران پیش آنے والی مختلف آن لائن ضروریات جیسے فیس کی ادائیگی، مختلف مضامین کا انتخاب، درخواستوں کی خانہ پری وغیرہ سے واقف کروایا۔ آئی ایم سی کی جانب سے ایک فلم کی اسکریننگ بھی کی گئی۔ ڈاکٹر عبدالسمیع صدیقی، اسسٹنٹ پروفیسر انگریزی، اس سیشن کے میزبان تھے۔ 8/اگست تک جاری رہنے والے اس پروگرام کے صدرنشین پروفیسر علیم اشرف جائسی، ڈین بہبودی طلبہ ہیں۔

KS

**Sakshi**

## విద్య తరగతి గదికి మాత్రమే పరిమితం కాదు



మాట్లాడుతున్న రిజ్వాన్ అహ్మద్

రాయదుర్గం: ప్రస్తుతం విద్య కేవలం తరగతికి మాత్రమే పరిమితం కాలేదని ఉర్దూ విశ్వవిద్యాలయం బోధనా మీడియాసెంటర్ (ఐఎంసి) డైరెక్టర్ రిజ్వాన్ అహ్మద్ పేర్కొన్నారు.. మౌలానా ఆజాద్ జాతీయ ఉర్దూ విశ్వ విద్యాలయంలో 2019-20 విద్యాసం వత్సరంలో రెగ్యులర్‌కోర్సులలో నూతన చేరిన విద్యార్థులకు సోమ వారం ఆన్‌లైన్ ఎడ్యుకేషన్‌పై అవ గాహన కల్పించారు. ఈ సందర్భంగా ఆయన మాట్లాడుతూ ల్యాప్‌టాప్‌లు, మొబైల్స్ ద్వారా ఎక్కడికైనా అందుబాటులోకి వస్తున్నాయని, విద్యార్థులు వాటిని కూడా వినియో గించుకోనేందుకు సిద్ధం కావాలన్నారు. స్వయం, స్వయం ప్రభ వంటి ప్లాట్‌ఫారమ్‌లు, సోషల్ మీడియా ప్లాట్‌ఫామ్‌ను విద్యగా మార్చడం, దానిపై విద్యా విషయాలను బదిలీ చేయడం ద్వారా మరింత చేరువ అవుతోందన్నారు. ఈ సందర్భంగా డిపార్ట్‌మెంట్ ఆఫ్ మేనేజ్‌మెంట్ అండ్ కామర్స్ హెడ్ ప్రొఫెస్ నసీమ్‌ఫాతిమా, ఈటీఈ ప్రొఫెసర్ రఫిమహ్మద్, సిపిడియూఎంటి అసిస్టెంట్ ప్రొఫెసర్ డాక్టర్ మహ్మద్ అక్బర్, ఎడ్యుకేషన్ విభాగం కోఆర్డినేటర్ ప్రొఫెసర్ సిద్ధీఖీ మహ్మద్, ప్రొఫెసర్లు సయ్యద్ అలీమ్ అశ్రఫ్‌జైసీ, డాక్టర్ అబ్దుల్ సమీసిద్ధీఖీ పలు అంశాలపై వివరించారు. అనంతరం విద్యార్థులు ఐఎంసీ సెంటర్‌ను పరిశీలించారు. మూడు రోజుల క్రితం ప్రారంభించిన ఈ అవగాహన కార్యక్రమాలను ఈనెల 8వ తేదీ వరకు కొనసాగిస్తారు.

راشٹریہ سہارا

6 AUG 2019

## مانو آئی ٹی آئی حیدرآباد میں داخلوں کا 16 ر اگست کو دوسرا مرحلہ

حیدرآباد، (پریس ریلیز) انڈسٹریل ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ (آئی ٹی آئی)، مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی میں داخلوں کے لیے دوسرے مرحلے کی کونسلنگ کا اہتمام 16 ر اگست کو کیا جارہا ہے۔ کونسلنگ صبح 9 بجے سے آئی ٹی آئی، مانو کیمپس، گچی باؤلی میں ہوگی۔ فارم داخل کرنے کی آخری تاریخ 14 ر اگست مقرر کی گئی ہے۔ ڈاکٹر عرشیہ اعظم، پرنسپل کے بموجب مختلف آئی ٹی آئی ٹریڈز کی دستیاب نشستوں کے خواہشمند امیدوار درخواست فارم دفتر آئی ٹی آئی، یونیورسٹی کیمپس یا ویب سائٹ www.manuu.ac.in سے حاصل کرسکتے ہیں۔ مزید تفصیلات کے لیے شخصی طور پر دفتر آئی ٹی آئی سے یا فون نمبر 040-23008413 پر ربط کریں۔

Rs

منصف

## مانو آئی ٹی آئی میں داخلوں کا 16 ر اگست کو دوسرا مرحلہ

حیدرآباد، 5 ر اگست (پریس نوٹ) انڈسٹریل ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ (آئی ٹی آئی)، مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی میں داخلوں کے لیے دوسرے مرحلے کی کونسلنگ کا اہتمام 16 ر اگست کو کیا جارہا ہے۔ کونسلنگ صبح 9 بجے سے آئی ٹی آئی، مانو کیمپس، گچی باؤلی میں ہوگی۔ فارم داخل کرنے کی آخری تاریخ 14 ر اگست مقرر کی گئی ہے۔ ڈاکٹر عرشیہ اعظم، پرنسپل کے بموجب مختلف آئی ٹی آئی ٹریڈز کی دستیاب نشستوں کے خواہشمند امیدوار درخواست فارم دفتر آئی ٹی آئی، یونیورسٹی کیمپس یا ویب سائٹ www.manuu.ac.in سے حاصل کرسکتے ہیں۔ مزید تفصیلات کے لیے شخصی طور پر دفتر آئی ٹی آئی سے یا فون نمبر 040-23008413 پر رابطہ کریں۔

Sakshi

## 16న 'మనూ' ఐటీఐ రెండవ విడత అడ్మిషన్లు

రాయదుర్గం: మౌలానా ఆజాద్ జాతీయ ఉర్దూ విశ్వవిద్యాలయంలోని ఐటీఐ కోర్సుల్లో చేరడానికి రెండవ విడత అడ్మిషన్ల ప్రక్రియను ఈనెల 16వ తేదీన ప్రారంభిస్తామని ఐటీఐ ప్రిన్సిపల్ డాక్టర్ అర్షియా ఆజమ్ తెలిపారు. ఉదయం 9 గంటలకు గచ్చిబౌలిలోని ఉర్దూ విశ్వవిద్యాలయం క్యాంపస్‌లోని ఐటీఐ భవనంలో కౌన్సిలింగ్ నిర్వహిస్తామన్నారు. ప్రస్తుతం ఉన్న ఐటీఐ ట్రేడ్స్‌లో ఖాళీగా ఉన్న సీట్ల భర్తీ కోసమే కౌన్సిలింగ్ నిర్వహించడం జరుగుతుందన్నారు. ఈ కౌన్సిలింగ్‌లో పాల్గొనేవారు ఆగస్టు 14వ తేదీలోగా దరఖాస్తు చేసుకోవాలి. దరఖాస్తులు మనూ వెబ్‌సైట్‌లో ఉంటాయన్నారు. ఇతర వివరాల కోసం ఫోన్ నెంబర్ 040-23008413లో సంప్రదించాలన్నారు.

رہنمائے دکن    6 AUG 2019

# اردو یونیورسٹی فاصلاتی کورسس داخلوں کی 14 اگست آخری تاریخ

حیدرآباد۔5 اگست (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی، نظامت فاصلاتی تعلیم میں داخلوں کے لیے آن لائن فارم جمع کرنے کی توسیع شدہ آخری تاریخ 14 اگست ہے۔امیدوار 21 اگست تک 1000 روپے دیرانہ فیس کے ساتھ بھی آن لائن فارمس داخل کرسکتے ہیں۔علاقائی مراکز اور ذیلی علاقائی مراکز سے اہل امیدواروں کی اسناد کی تصدیق کے بعد وہ پروگرام فیس 23 اگست تک جمع کرسکتے ہیں۔پروفیسر پی فضل الرحمٰن، ڈائرکٹر انچارج، نظامت فاصلاتی تعلیم کے بموجب یونیورسٹی میں فاصلاتی طرز پر ایم اے (اردو، انگریزی، تاریخ، ہندی، عربی اور اسلامک اسٹڈیز)، بی اے، بی ایس سی (لائف سائنسز، فزیکل سائنسز)، ڈپلوما ان (ٹیچ انگلش اور جرنلزم اینڈ ماس کمیونکیشن) اور سرٹیفکیٹ کورسز (اہلیت اردو بذریعہ انگریزی اور فنکشنل انگلش برائے اردو داں) پروگرامس میں داخلے دیئے جارہے ہیں۔ ای پراسپکٹس اور آن لائن درخواست فارم ویب سائٹ https://manuucoe.in/DDEOnlineAdmission19 پر دستیاب ہیں۔

تمام پروگرامس کے لیے درخواست 200 روپے رجسٹریشن فیس کے ساتھ آن لائن داخل کرنی ہوگی۔درخواست داخل کرنے کی آخری تاریخ یکم اگست 2019 ہے۔اُمیدوار مزید تفصیلات کے لیے طلبہ رہبری یونٹ ہیلپ لائن 040-23008463 یا 040-23120600 (ایکسٹنشن 2207) سے رابطہ کرسکتے ہیں۔اس کے علاوہ طلبہ حیدرآباد، نئی دہلی، کولکتہ، بنگلور، ممبئی، پٹنہ، دربھنگہ (بہار)، بھوپال، رانچی، امراوتی، سری نگر (جموں و کشمیر)، جموں، نوح (میوات)، لکھنؤ میں واقع یونیورسٹی کے ریجنل / سب ریجنل سنٹرس سے رابطہ کرسکتے ہیں۔مزید تفصیلات یونیورسٹی ویب سائٹ www.manuu.ac.in سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔

٨٧

Times of India - 6 AUG 2019

# 2nd counselling in Manuu

The Industrial Training Institute (ITI), of Maulana Azad National Urdu University is conducting second counseling for admissions into ITI Trades course on August 16. The counseling will start at 9.00am at ITI, Manuu Campus, Gachibowli The last date for submission is August 14.